Patient Information

# Phenytoin Tablet

## Indications:

Phenytoin is used for treating and/or preventing seizures/epilepsy or convulsions.

## Directions for use:

- Take your medicine at the same time every day to get maximum effects
- You may take it with food if it upsets your stomach, unless otherwise directed by your doctor
- Do not discontinue Phenytoin without consulting your doctor

## Tell your doctor if you:

- Are allergic to Phenytoin
- Take any other prescription or non-prescription medicine
- Have heart, liver or kidney disease, thyroid problem or a blood disorder
- Are going to have a surgery
- Are pregnant, planning to become pregnant or breastfeeding

## Side effects:

Constipation, dark urine, nausea, vomiting, loss of appetite, drowsiness or dizziness, headache, nervousness, insomnia, excess hair growth.

## Inform your doctor if any of the following problems occur:

- Fever, sore throat, enlarged gums, unusual bleeding or bruising
- Enlarged glands in neck or underarms
- Increased seizures
- Skin rash or blisters
- Uncontrolled eye and body movements
- Severe confusion and unsteadiness, slurred speech or stuttering

## What to do if a dose is missed:

- Take the missed dose as soon as you remember
- Skip the missed dose if it is almost time for your next scheduled dose
- Do not take extra medicine to make up for the missed dose

## What to do if there is an overdose:

- Seek immediate emergency medical attention for any suspected overdose.

## Storage:

- Store at room temperature away from light and moisture
- Keep all medicines away from children and pets
- Do not use medication beyond the expiry date mentioned on the pack
- Do not share your medicine with anyone

For more information, please contact:
**Drug and Poison Information Centre, Department of Pharmacy Services,**
**Aga Khan University Hospital, Karachi**
P. O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan,
Tel: +92 21 3486 1504/1506, Email: drug.information@aku.edu, Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
**The Aga Khan University Hospital,** Karachi

مریضوں کے لیے رہنماہدایات

# فینی ٹوئن گولیاں

## استعمال

فینی ٹوئن ایک ایسی دوا ہے جسے مرگی اور تشنج کے علاج اور / یا بچاؤ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

## دوا کس طرح استعمال کی جائے؟

- بہترین نتائج کے لیے فینی ٹوئن کو ہر روز ایک ہی وقت پر استعمال کریں۔
- اس دوا کو کھانے کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے، تاہم اگر معدہ کی خرابی کا امکان ہو تو ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق استعمال کریں۔
- ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر فینی ٹوئن کا استعمال ترک نہ کریں۔

## ڈاکٹر کو مطلع کریں اگر:

- آپ کو فینی ٹوئن سے الرجی ہو۔
- آپ نسخے یا بغیر نسخے والی کوئی دوا استعمال کر رہے ہوں۔
- آپ دل، جگر، گردوں، تھائیرائڈ غدود یا خون کی کسی بیماری کا شکار ہوں۔
- آپ کا کوئی آپریشن ہونے والا ہو۔
- آپ حاملہ ہوں، حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتی ہوں یا بچے کو دودھ پلاتی ہوں۔

## عمومی ضمنی اثرات

- قبض یا گہرے زرد رنگ کا پیشاب
- متلی، قے یا بھوک میں کمی
- سر درد، غنودگی یا چکر آنا، گھبراہٹ یا بے خوابی
- بالوں کی غیر معمولی افزائش

## اگر ان کے علاوہ ادویات کے کوئی اور یا درج ذیل ضمنی اثرات ظاہر ہوں تو اپنے ڈاکٹر کو ضرور مطلع کریں:

- بخار، گلے میں درد، مسوڑھوں کا پھولنا یا ان سے غیر معمولی خون رسنا، نیل پڑنا
- گردن یا بغل میں غدود کی غیر معمولی افزائش
- مرگی کے دوروں میں اضافہ
- جلد پر سرخ دھبے، مسے یا چھالے
- آنکھوں اور جسم کے ربط میں خرابی
- شدید گھبراہٹ، چال میں لڑکھڑاہٹ، گفتگو کی خرابی یا تو تلاہٹ

## اگر دوا کی خوراک کھانا بھول جائیں تو:

- جیسے ہی یاد آئے، دوا کھالیں۔
- اگر اگلی خوراک کا وقت ہو گیا ہے تو پچھلی خوراک نہ کھائیں۔
پچھلی خوراک کی کمی کو پورا کرنے کے لیے اضافی خوراک نہ کھائیں۔

## اگر اضافی خوراک کھالیں تو:

اگر آپ کو محسوس ہو کہ آپ نے اضافی خوراک کھالی ہے تو فوراً اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

## دوا کی حفاظت

- دوا کو کمرے کے درجہ حرارت پر رکھیں اور دھوپ اور نمی سے محفوظ رکھیں۔
- تمام ادویات بچوں اور پالتو جانوروں سے دور رکھیں۔
- اگر دوا کے استعمال کی میعاد گزر چکی ہو تو اسے استعمال نہ کریں۔ یہ میعاد ڈبے پر درج ہوتی ہے۔
- اپنی دوا کسی کو استعمال کرنے کے لیے نہ دیں۔

مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی درج ذیل پر رابطہ کریں:
ڈرگ اینڈ پوائزن انفارمیشن سینٹر، ڈیپارٹمنٹ آف فارمیسی سروسز، آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
P. O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan,
Tel: +92 21 3486 1504/1506, Email: drug.information@aku.edu, Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
The Aga Khan University Hospital, Karachi